© rasailojaraid.com



## جامع مسجد ابراہیم اہل حدیث دولتالہ (گوجر خان) میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 16 مارچ بروز بدھ جامع مسجد ابراہیم اہل حدیث دولتالہ میں دوسری عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے کی۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد تنویر کی تلاوت سے ہوا۔ کانفرنس سے مولانا قطب شاہ اور مولانا حافظ محمد اسحٰق اوکاڑوی نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں دولتالہ شہر کے علاوہ گوجر خان، سکوٹ، پھمبل اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ یاد رہے کہ حافظ عبدالحنان اور ان کے رفقاء نے کانفرنس کا انتظام وانصرام کیا اور پروگرام کے آخر میں شرکاء کی ضیافت کی۔

## جامع مسجد السلوی اہل حدیث میں توحید وسنت کانفرنس

مورخہ 9 اپریل بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد السلوی اہل حدیث کریم پورہ روڈ میں عظیم الشان توحید و سنت کانفرنس زیر سرپرستی مفتی محمد شفیع مدیر مکتب، جامعہ علوم اثریہ منعقد ہوئی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے بیرون ملک سفر کی وجہ سے مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے پروگرام کی صدارت فرمائی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ ابوبکر شفیع خطیب مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز حافظ معاذ بن حافظ ابوبکر صدیق اسلام آباد کی تلاوت سے ہوا۔ حذیفہ ابوبکر نے توحید کے موضوع پر مختصر تقریر کی۔ کانفرنس سے اسلامک سکالر حافظ ابوبکر صدیق پروفیسر محمد علی جناح یونیورسٹی اسلام آباد اور شیر پنجاب مولانا منظور احمد نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں شرکاء کی ضیافت کی گئی۔ اس کانفرنس میں جہلم شہر، کوٹلہ آئمہ ڈھوک صوبیدار، دینہ اور دیگر علاقوں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی واصلاحی پروگرام

مورخہ 25 اپریل بروز سوموار بعد نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا، پروگرام کا آغاز قاری محمد یونس (جام پور) کی تلاوت سے ہوا۔ مولانا قطب شاہ نے دعوت



© rasailojaraid.com